

Badan main jaag utheen kapkapaa.hatain kaisee
Main sun raha hoon yeh farda kee aahatain kaisee

Makeen ko yaad hazeemat kee daastan hay mager
To us kay ghar main hain yeh jagmagaa.hatain kaisee

Shikest-e-dil ka jo ehsaas ab bhi zinda hay
To phir yeh honton peh hain muskraa.hatain kaisee

Wujood toot raha ho to kaisee naghma garee
Jo dil sukoon say no ho, gungunaa.hatain kaisee

Faraz-e-dar mugaddar banay keh zehr ka jaam
Diyar-e-shoq main ab hichkichaa.hatain kaisee

Qubool-e-aam ka mansub jo mairay fun ko mila
To Doston ko hueen tilmilaa.hatain kaisee

**Samajh kay sang jisay chhoo liya badun to nah tha**
**Ragon main daurd gaeen sarsaraa.hatain kaisee**

*Murtaza Birlas*
*(Irta'ash)*

# غزل

بدن میں جاگ اٹھیں کپکپاہٹیں کیسی
میں سن رہا ہوں یہ فردا کی آہٹیں کیسی

مکیں کو یاد ہزیمت کی داستاں ہے اگر
تو اس کے گھر میں ہیں یہ جگمگاہٹیں کیسی

شکستِ دل کا جو احساس اب بھی زندہ ہے
تو پھر یہ ہونٹوں پہ ہیں مسکراہٹیں کیسی


وجود ٹوٹ رہا ہو تو کیسی نغمہ گری
جو دل سکوں سے نہ ہو گنگناہٹیں کیسی

فرازِ دار مقدر بنے، کہ زہر کا جام
دیارِ شوق میں اب ہچکچاہٹیں کیسی

قبولِ عام کا منصب جو میرے فن کو ملا
تو دوستوں کو ہوئیں تلملاہٹیں کیسی

سمجھ کے سنگ جسے چھو لیا، بدن تو نہ تھا
رگوں میں دوڑ گئیں سرسراہٹیں کیسی

"ارتعاش"




Copyrights Reserved (C) By Author